# خُدا کی دُنیا سے ازلی محبت



کیونکہ خُدا نے دُنیا سے ایسی محبت رکھی کہ اُس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا
تاکہ جو کوئی ایمان لائے ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے




مُصنف چپلن جان میکٹرنن
Founder of Parent Site:
USA Prophecy.com

بائبل مقدس کا یہ صحیفہ قرطاس ہماری راہنمائی کرتے ہیں کہ خدائے قدوس ہم سے محبت کرتا ہے اس بات سے کوئی فرق نہیں کہ آپکی عمر یا جنس کیا ہے، آپ کے پاس دولت ہے یا آپ زندگی کے کس مقام پر ہیں ، آپ کا ماضی کیا ہے، کیونکہ خدا ان سب چیزوں سے بڑھ کر آپ سے محبت کرتا ہے ، یہ جان کر بہت دلی سکون ملتا ہے کہ کائنات کا خالق آپ سے بے حد محبت کرتا ہے، خدائے قدوس جو تمام نا قابل یقین طاقت کا مصدر ہے بائبل مقدس بھی بنیادی طور پر بتاتی ہے کہ خدا محبت ہے اور وہ آپ کے ساتھ محبت کے رشتے میں بہت دلچسپی رکھتا ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ **خدا محبت ہے**

جو مُحبّت نہیں رکھتا وہ خُدا کو نہیں جانتا کیونکہ خُدا مُحبّت ہے
1 یوحنا 4:8

خدا نے ہمیں اپنی شکل وصورت پر پیدا کیا ہے اس کا مطلب یہ ہوا کہ خدا محبت ہے اور اس نے ہمیں اپنی محبت ہم سے لینے اور دینے کے لیے پیدا کیا ہے اس لیے ہمارے باطن میں ایسی جگہ ہے جو خدا کی محبت کے لیے بنائی گئی ہے ۔ جسمانی طور پر ہمیں زندگی گزارنے کے لیے تین بنیادی چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے جو کہ ہوا، پانی اور خوراک ہیں ۔ ہوا کے بغیر ہم چند منٹوں میں مر سکتے ہیں اور بغیر پانی استعمال کیے چند دن تک زندہ رہ سکتے ہیں اور تقریباً ایک ماہ تک بغیر خوراک کے زندہ رہ سکتے ہیں، اسی طرح روحانی طور پر بھی ہمیں زندہ رہنے کے



لیے محبت، ایمان اور امید کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ محبت کے بغیر لوگ نفرت انگیز کام رحم نہ کرنے والے اور جذباتی قاتل اور خدا سے نفرت کرنے والے ہو سکتے ہیں، ایسے لوگ روحانی طور پر مردہ ہوتے ہیں لیکن خدا کی محبت سے معمور لوگ امن، خوشی، رحم اور مہربانی سے بھرے ہوتے ہیں۔

حقیقی طور پر محبت کا رشتہ کیا ہے جو خدا ہمارے ساتھ چاہتا ہے؟ یہ رشتہ ایسا ہے جو کہ ایک محبت کرنے والا باپ اپنے چھوٹے بچوں سے کرتا ہے، یہ ایک بہت خاص اور نرم احساس ہے جب بچے پاپا یا عبرانی زبان میں ابا (ABBA) کہتے ہیں، یہ محبت بہت گہری اور طاقت ور ہے۔ اسی طرح ہمارا آسمانی خدا باپ اپنے بچوں کو نہ کبھی بھولتا ہے اور نہ ہی چھوڑتا ہے۔

کیونکہ تُم کو غُلامی کی رُوح نہیں مِلی جِس سے پِھر ڈر پَیدا ہو بلکہ لے پالک ہونے کی رُوح مِلی جِس سے ہم ابّا یعنی اَے باپ کہہ کر پُکارتے ہیں۔ رومیوں 8:15

آپ کیسے یقین کر سکتے ہیں کہ خدا آپ سے محبت کرتا ہے؟ بغیر حقیقت کے الفاظ کہنا آسان ہے، ایسے بہت سے لوگ ہیں جو پیشہ ور جھوٹے ہیں جو آپ کو اپنے الفاظ سے با آسانی بیوقوف بنا سکتے ہیں، بغیر پرکھے خود سے بہت کم الفاظ کی یقین دہانی ہو سکتی ہے، کسی کے الفاظ کو جانچنے کے لیے اسکا بہترین طریقہ ردعمل کو دیکھنا ہوگا، یہ ایسا عمل ہے جو حقیقی انسان کو ظاہر کرتا ہے۔

خدا کے ردعمل کی جانچ کر کے ہم اس کے کلام پر مکمل بھروسہ کر سکتے ہیں، قابل



یقینی ثبوت یہ ہے کہ خدا نے اپنے اکلوتے بیٹے یسوع مسیح کو آپ کے گناہوں کا کفارہ ادا کرنے کے لیے صلیب پر مصلوب ہونے دیا، اس سے بڑا اور مستند ثبوت کوئی نہیں ہوسکتا ہے۔

جو مُحبّت خُدا کو ہم سے ہے وہ اِس سے ظاہِر ہُوئی کہ خُدا نے
اپنے اِکلوتے بیٹے کو دُنیا میں بھیجا ہے تاکہ ہم اُس کے
سبب سے زِندہ رہیں۔ 1 یوحنا 4:9

## اس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا

کیونکہ جو جسمانی ہیں وہ جِسمانی باتوں کے خیال میں رہتے ہیں
لیکن جو رُوحانی ہیں وہ رُوحانی باتوں کے خیال میں رہتے ہیں۔
رومیوں 8:5

خدائے قدوس نے یسوع المسیح کو مجسم کلام بنا کر اس دنیا میں بھیجا تاکہ وہ ہمارے لیے مصلوب ہو اور اپنا خون بہائے تاکہ ہمارے گناہوں کا کفارہ ادا ہو سکے، کیونکہ خدا پاک ہے اور اس کی پاکیزگی ہمیں گناہ کی سزا کے بغیر فردوس میں جانے کی اجازت نہیں دے گی۔ جہنم ایک ایسی جگہ ہے جہاں ہر سزا خدا سے علیحدگی ہے۔ اگرچہ خدا پاک ہے لیکن یسوع مسیح کے ذریعے اپنی محبت کی وجہ سے اُس نے ہمارے گناہوں کا کفارہ ادا کر دیا ہے، اُس محبت میں اب ہمیں (خدا باپ) کی بادشاہی میں اپنی زندگی کی یقین دہانی حاصل ہے۔



کیونکہ گُناہ کی مزدُوری مَوت ہے مگر خُدا کی بخشِش
ہمارے خُداوند مسیح یِسُوع میں ہمیشہ کی زِندگی ہے۔ رومیوں 6:23

## جو کوئی اُس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو
## بلکہ ہمیشہ زندگی پائے

بائبل مقدس میں ایک مثال موجود ہے جو واقع ظاہر کرتی ہے جو کوئی یسوع مسیح کو پکارے گا وہ ہمیشہ کی زندگی پائے گا۔ سڑک کے کنارے ایک اندھا فقیر بیٹھا تھا جس کا نام اندھا برتمائی تھا، اس کے پاس نہ کوئی نوکری اور نہ کوئی رہنے کی جگہ تھی مگر وہ زندہ رہنے کے لیے بھیک مانگنے پر مجبور تھا۔ ایک دن اس نے ایک بڑی بھیڑ کی آواز سنی اور پوچھا کہ یہ کیسا شور ہے تو اسے بتایا گیا کہ یہاں سے یسوع ناصری گزر رہا ہے اس نے یسوع کو پکارا لیکن بھیڑ نے اسے خاموش رہنے کو کہا لیکن اس نے بھیڑ کی پروانہ کرتے ہوئے اور زور سے یسوع مسیح کو یسوع ناصری پکارنا شروع کر دیا، یسوع مسیح وہاں رک گئے اور کہا کہ اندھے برتمائی کو میرے پاس لاؤ، یسوع مسیح نے اس کی آنکھوں کو ٹھیک کیا اور کہا کہ تیرے ایمان نے تجھے بچایا ہے۔ خدا کی محبت اندھے فقیر پر یوں ظاہر ہوئی کہ اس کے اعتراف کے ساتھ اس کی آنکھیں کھل گئیں اور زندگی بھی ملی۔ اگر خدا کی محبت اندھے برتمائی تک پہنچ سکتی ہے تو یہ یقینی طور پر آپ تک بھی پہنچ سکتی ہے

## ہمیشہ کی زندگی

بائبل مقدس فرماتی ہے کہ خدا دنیا سے محبت کرتا ہے لیکن جو یسوع مسیح کو نجات دہندہ کے طور پر قبول کرتے ہیں وہی خدا کی بادشاہی میں جائیں گے۔ مکاشفہ کی کتاب میں ایک آیت ہے جو ہمیں بتاتی ہے کے وہ لوگ آسمان کی بادشاہی میں

کیوں ہیں؟ اس لیے کہ انہوں نے یقین کیا کہ یسوع مسیح مصلوب ہوا اور انکے گناہوں کے لیے اپنا خون بہایا ہے۔ یہ لوگ اہل زبان اور ہر قوم سے ہیں یہ اس لیے ہے کیونکہ خدا دنیا سے محبت کرتا ہے۔

اور وہ یہ نیا گیت گانے لگے کہ تُو ہی اِس کِتاب کو لینے اور اُس کی مُہریں کھولنے کے لائِق ہے کیونکہ تُو نے ذبح ہو کر اپنے خُون سے ہر ایک قبِیلہ اور اہلِ زُبان اور اُمّت اور قَوم میں سے خُدا کے واسطے لوگوں کو خرِید لیا۔ مکاشفہ 5:9

# دُعا

خدا کی محبت اور ابدی زندگی کی یقین دہانی حاصل کرنے کے لیے میں رجوع لاتا ہوں کہ میں مسیح مصلوب پر ایمان لاتا اور توبہ کرتا ہوں کہ یسوع کے خون بہانے کے وسیلہ سے میرے گناہوں کی قیمت ادا کی گئی ہے، میں ایمان رکھتا ہوں کہ یسوع مسیح روح القدس کی قدرت سے مردوں میں سے جی اٹھا ہے، میں یسوع مسیح کو اپنا خدا اور نجات دہندہ کے طور پر قبول کرتا ہوں، یسوع مسیح میرا نجات دہندہ ہے اسی کے وسیلے سے مجھے ہمیشہ کی زندگی ملی ہے، میں خدا باپ کا اور اپنے نجات دہندہ یسوع مسیح کا شکر ادا کرتا ہوں۔ آمین۔

**جِس نے اپنے بیٹے ہی کو دریغ نہ کِیا بلکہ ہم سب کی خاطِر اُسے حوالہ کر دِیا وہ اُس کے ساتھ اَور سب چیزیں بھی ہمیں کِس طرح نہ بخشے گا؟ رومیوں 8:32**


آرگنائزر
پاسٹر سالک جان
مبشر جمیل سالک
ایمبیسڈر آف گاڈ چرچ اینڈ منسٹریز انٹرنیشنل

رابطہ
0300-6606310
revsalikjohn@gmail.com